BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# برامپٹن کا 2023 کا مجوزہ بجٹ، مستقبل کے لیے شاندار بنیادیں فراہم کرے گا

***بجٹ تجاویز، محفوظ، صحت مندانہ اور زیادہ مربوط کمیونٹیز کی تعمیر و ترقی میں مدد دینے کے علاوہ خزانے میں بھی ریکارڈ اضافے کا باعث بنیں گی***

برامپٹن، آن (16 فروری 2023) – سٹی آف برامپٹن کے 2023 کے مجوزہ بجٹ کا مسودہ، اب آپ کی قیمتی رائے، خیالات اور تاثرات کے لیے دستیاب ہے۔

ہمارا مجوزہ بجٹ ہمارے شہر کی تعمیر و ترقی کے بہت سے اہم منصوبوں اور کمیونٹی کی حفاظت اور فلاح و بہبود کی ترجیحات کی عکاسی کرتا ہے اور اس کے باوجو ٹیکس کی شرح میں اضافے کو افراط زر کی سطح سے نیچے رکھا گیا ہے، جس میں سٹی کی جانب سے ٹیکس بل کا مجوزہ حصہ 2.9 فیصد پر ہے۔ اس بجٹ میں خزانے میں حصہ ڈالنے کے لیے 134 ملین ڈالر کا ریکارڈ اضافہ شامل ہے، جبکہ نگہداشت صحت کے شعبے پر بھی تاریخی سرمایہ خرچ کرنے کے عمل کو جاری رکھنا بھی مقصود ہے، بشمول ایک دوسرے ہسپتال اور ایک نئے کینسر کیئر سنٹر کی تعمیر۔

سٹی کے موجودہ پروگراموں اور خدمات کی فراہمی میں تسلسل، انفراسٹرکچر کی بحالی اور آئندہ کی تعمیر و ترقی کی تیاری کے لیے، سٹی کی جانب سے بجٹ کمیٹی کو پراپرٹی ٹیکس کی مد میں 2.9 فیصد اضافہ کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ منظوری حاصل ہو جانے کی صورت میں 2023 پراپرٹی ٹیکس بل سٹی سروسز کے لیے پراپرٹی ٹیکس میں 2.9 فیصد، ریجن آف پیل سروسز کے لیے 2.8 فیصد جبکہ سکول بورڈز کے لیے 0 فیصد اضافہ کیا جائے گا اور اس طرح کُل اضافہ 5.7 فیصد ہو گا۔ برامپٹن میں گھریلو رہائشی پراپرٹیز پر اوسط پراپرٹی ٹیکس میں کل اضافہ $321 ہو گا۔

سٹی آف برامپٹن کا سالانہ بجٹ ہر سال سٹی کی ترجیحات، اہداف اور ان اقدامات کی نشاندہی کرتا ہے جو اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ سٹی ہمیشہ ایسی ترجیحات پر سرمایہ خرچ کرتا ہے، جو ہمارے رہائشیوں کے لیے نہایت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ حالیہ طور پر منعقد ہونے والے ایک ٹیلی ٹاؤن ہال کے دوران رہائشیوں نے اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ صحت کی دیکھ بھال، کم ٹیکس، کمیونٹی کی حفاظت اور تفریح ان کے ٹیکسوں کی رقوم کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں۔

## 2023 کے مجوزہ بجٹ کی اہم جھلکیاں

*کمیونٹی انفراسٹرکچر*

- کیپٹل پروجیکٹس میں 492 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری
- تین سالوں کے دوران ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی کے لیے $21 ملین

*نگہداشت صحت*

- برامپٹن کے لیے ایک دوسرے ہسپتال اور کینسر کی دیکھ بھال کے ایک نئے مرکز کی تعمیر میں معاونت کے لیے ہسپتال لیوی کا تسلسل

*نقل و حمل*

- نقل و حمل کی سہولیات کو بجلی پر منتقل کرنے اور اور نئی ٹرانزٹ اسٹوریج اور سہولیات کی بحالی کے لیے $210 کی سرمایہ کاری
- چنگواکوسی روڈ کوریڈور کے ساتھ زوم سروس کی توسیع کے لیے $15.4 ملین

*کمیونٹی سیفٹی اور ایمرجنسی سروسز*

- کمیونٹی سیفٹی ایکشن پلان کی فراہمی کے لیے $650,000 سے زیادہ رقم کی فراہمی
- آگ بجھانے کے نئے آلات اور گاڑیوں کے لیے $8 ملین
- 24 نئے کل وقتی فائر فائٹرز کی بھرتی

*کھیلوں اور تفریحی مواقع پر سرمایہ کاری*

- ہاؤڈن ری کریئیشن سنٹر کو دوبارہ تیار کرنے، بشمول کھیلوں کے ایک نئے میدان کی تعمیر کے لیے $24 کی سرمایہ کاری
- گور میڈوز میں کرکٹ، فٹ بال، ٹینس کے میدانوں اور عمارتوں کو تیار کرنے کے لیے $9 ملین کی رقم

# BRAMPTON

Media Release

سٹی آف برامپٹن کے 2023 کے مجوزہ بجٹ کی دستاویزات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں۔

**2023 کے بجٹ پر اپنی رائے کا اظہار کریں**

عوام الناس کو بجٹ کے پورے عمل میں حصہ لینا جاری رکھنے کی دعوت دی جاتی ہے، جس کے لیے سٹی ٹیلی فون ٹاؤن ہالز، ہر وارڈ میں غیر رسمی بات چیت اور کاروباری گول میز بحث مباحثہ کا ایک سلسلہ منعقد کر رہا ہے۔

شرکاء کو اپنی کمیونٹی کی ترجیحات سے آگاہ کرنے کرنے، سٹی کے عملے سے سوالات پوچھنے اور 2023 کے بجٹ کے لیے کام کرنے کے دوران میئر اور کونسلرز کو اپنے قیمتی خیالات پیش کرنے کا بھرپور موقع فراہم کیا جائے گا۔

تاریخ کو محفوظ کر لیں

- وارڈ کافی چیٹس – 21، 22، 23 اور 24 فروری 2023
- ورچوئل بزنس گول میز – 23 فروری 2023 صبح 8 بجے
- ٹیلی فون ٹاؤن ہال #2 – 25 فروری 2023 دوپہر 12 بجے

مزید تفصیلات www.brampton.ca/budget اور سٹی آف برامپٹن کے ٹویٹر ، فیس بک اور انسٹاگرام کے صفحات پر بھی دستیاب ہیں۔

**بجٹ 2023 ٹائم لائن**

27 فروری 2023 کو اس پر بحث مباحثہ کا آغاز ہو گا اور بجٹ کی منظوری 8 مارچ 2023 کو دی جائے گی۔

سٹی آف برامپٹن کے 2023 بجٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: http://www.brampton.ca/budget

**اقتباسات**

"ہمارے لوگ ہی ہمارے ہر کام کے محور ہوتے ہیں اور یہ مجوزہ بجٹ اس بات کا منہ بولتا ثبوت پیش کرتا ہے۔ صحت کی دیکھ بھال اور کمیونٹی کی حفاظت ہمارے شہر کی ترقی میں ناقابل یقین حد تک اہم ستون ہیں۔ ہم مستقبل کے لیے ایک محفوظ اور صحت مندانہ شہر کی تعمیر و ترقی کے ساتھ ساتھ اپنے منصفانہ حصے کے حصول کی وکالت بھی کرتے رہتے ہیں۔ ہماری سرمایہ کاری ہمارے لیے متاثر کن ترقی کو ممکن بنا رہی ہے، کیونکہ ہم نے 100 سالوں میں پہلی مرتبہ GTA کا پہلا نیا میڈیکل اسکول حاصل کیا ہے۔ اسی جذبے اور لگن کے ساتھ کام کرتے ہوئے، ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کے لیے کیا اہم ہے اور ہم سب مل کر مستقبل کا برامپٹن کیسے تشکیل دے سکتے ہیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر؛ چیئر، بجٹ کمیٹی، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی کا بجٹ ہماری کمیونٹی کی خدمات کی سطح کو برقرار رکھنے اور مستقبل میں اپنے شہر کی تعمیر و ترقی میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے ہمارا رہنماء ہوتا ہے۔ ہر ایک سال کے بعد، یہی باہمی تعاون ہمیں اپنے رہائشیوں کی آراء کو سننے اور اپنی کمیونٹی کی ضروریات پر کاروائی کرنے کا نادر موقع فراہم کرتا ہے۔ ہم آج جہاں کھڑے ہیں، مجھے اس پر فخر ہے اور میں برامپٹن کے لوگوں کے قابل قدر خیالات کو سننے کا منتظر ہوں کیونکہ ہم اس کے ذریعے مل کر کام کرتے ہیں اور ایک کمیونٹی کے طور پر اپنی صحت کی دیکھ بھال اور آب و ہوا کے چیلنجوں سے نمٹنے میں سرمایہ کاری کرتے ہیں۔"

- *پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ وائس چیئر، بجٹ کمیٹی، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن کا 2023 کا مجوزہ بجٹ ایک ایسے متوازن طریقہ کار کی پیروی کرتا ہے، جو ہمیں برامپٹن کو اپنا گھر کہنے والوں اور شہر کو ذمہ دارانہ انداز میں ترقی دینے والوں کو ناقابل یقین خدمات فراہم کرنا جاری رکھنے کے قابل بناتا ہے۔ عوامی رائے ہمارے لیے نہایت اہم ہوتی ہے اور اسی کی مدد سے ہی ہم صحت کی دیکھ بھال، کمیونٹی کے تحفظ، کم ٹیکسوں اور تفریحی سہولیات میں سرمایہ کاری کرنے کے حوالے سے اپنی کمیونٹی کی ترجیحات کی عکاسی کرنے والا بجٹ بنانے کے قابل ہوتے ہیں۔ میں ہر ایک کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اپنے خیالات کا اشتراک کرنے کے لیے کچھ وقت نکالیں، کیونکہ ہم افق پر بہت سی کامیابیوں کے ساتھ ایک نئے سال میں داخل ہو گئے ہیں۔"

- *مارلون کیلیڈین، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہم سے رابطہ کریں ٹویٹر، فیس بک اور انسٹاگرام۔ مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں: http://www.brampton.ca/budget

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca